www.KitaboSunnat.com

تحقیق وتنقید

مولانا محمد شعیب اللہ مفتاحی
ناظم مدرسہ مسیح العلوم، بنگلور

قسط : ۱

حضرت مریمؑ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کی تحقیق!

کچھ عرصہ قبل کسی نے مجھ سے سوال کیا کہ جنت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نکاح کس سے ہوگا؟ اگرچہ میں اس قسم کے سوال و جواب میں وقت صرف کرنا اضاعتِ وقت کے مترادف سمجھتا ہوں یا کم از کم ضروری کو چھوڑ کر غیر ضروری کام میں اشتغال خیال کرتا ہوں، اس لیے عام طور پر جب اس قسم کے سوالات مجھ سے کیے جاتے ہیں تو یہ عرض کر دیا کرتا ہوں کہ اس کے جواب پر نہ کوئی اعتقادی مسئلہ موقوف ہے نہ عملی مسئلہ، لہٰذا ضروری امور، جن پر ایمان و عمل کی بنیاد ہے، معلوم کرو! لیکن کبھی اپنے اس اصول میں تساہل برتتے ہوئے یا بعض عوارض کی بنا پر اس قسم کے سوالات کے جوابات بھی نوکِ قلم پر آجاتے ہیں، چنانچہ اس موقعہ پر بھی اس سوال کا جواب نہایت ہی اختصار سے یہ دیا کہ :

"حضرت مریم علیہا السلام سے ہوگا۔"

یہ سوال و جواب ہفت روزہ اخبار "عروجِ ہند" (بنگلور) کے کسی شمارہ میں شائع ہو چکے ہیں، اس وقت اس کو تلاش کرنے اور حوالہ دینے کی نہ ضرورت ہے نہ فرصت! اس کے بعد بعض لوگوں کے ایسے خطوط ملے جن میں عامیانہ وسوقیانہ

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ